**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز
Public Relation Section
Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)

# چیف کمشنر ایف بی آر Large Tax Payer ظفر اقبال کا آئیسکو ہیڈ آفس کا دورہ

## ٹیکس وصولی کی جانب سے آئیسکو کی کارکردگی کو سراہا

## چیئرمین ایف بی آر کی جانب سے تعریفی سرٹیفکیٹ پیش کیا۔ترجمان آئیسکو

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق چیف کمشنر ایف بی آر Large Tax Payer ظفر اقبال نے آئیسکو ہیڈ آفس کا دورہ کیا اور چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود سے ملاقات کی۔انہوں نے ٹیکس وصولی کی جانب آئیسکو کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ ٹیکس وصولی کے اہداف کو حاصل کرنے میں ایف بی آر کو آئیسکو کی جانب سے ایک بڑی سپورٹ حاصل ہے اور وہ اُمید کرتے ہیں کہ آئیسکو کے بھرپور تعاون سے ملک میں ٹیکس وصولی میں مزید اضافہ ہوگا۔چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا کہ آئیسکو نے ہمیشہ ملکی مفادات کو ترجیح دی ہے اور مستقبل میں بھی آئیسکو اور ایف بی آر مل کر کام کرتے رہیں گے۔آئیسکو کی اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر چیئرمین ایف بی آر کی جانب سے چیف کمشنر Large Tax Payer ظفر اقبال نے چیف ایگزیکٹو آئیسکو کو تعریفی سرٹیفکیٹ بھی پیش کیا۔میٹنگ میں آئیسکو کے ڈپٹی جی ایم فنانس رئیس حیدر اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو بھی سراہا گیا۔

پریس ریلز نمبر:07-10/2025